


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (کیٹرنگ اور ڈیکوریٹنگ سروسز)


سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر3، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 7-36304926 42 92

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر3، فلور:3، ایوان اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: (042) 111-111-456
فیکس نمبر: (0423)36304926-7
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس2، فلور5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: (021) 111-111-456
فیکس نمبر: (021) 35610572
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخواہ**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: (091) 9213046-47
فیکس نمبر: (091) 286908
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702
فیکس نمبر: (081) 2831922
helpdesk-qta@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیر اعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1. | اظہار لاتعلقی | 2 |
| 2. | دستاویز کا مقصد | 2 |
| 3. | سمیڈا کا تعارف | 2 |
| 4. | سکیم کا تعارف | 2 |
| 5. | اجمالی جائزہ | 3 |
| 6. | کاروبار اور مصنوعات کا مختصر بیان | 3 |
| 7. | انتہائی قابل توجہ امور | 3 |
| 8. | ابتدائی وعملی استعداد | 4 |
| 9. | سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع | 4 |
| 10. | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 4 |
| 11. | گردش عمل (پروسس فلو) | 4 |
| 12. | منصوبے کی کل لاگت کارکا رخلاصہ | 4 |
| 12.1 | معاشی کیفیت | 5 |
| 12.2 | درکار سرمایہ | 5 |
| 12.3 | کل لاگت کاروبار | 5 |
| 12.4 | درکار زمین | 6 |
| 12.5 | مشینری اور آلات | 6 |
| 12.6 | درکار افرادی قوت | 7 |
| 12.7 | آمدن | 7 |
| 12.8 | متفرق لاگتیں | 7 |
| 13. | ماہرین ومشیران | 8 |
| 14. | ضمیمہ جات | 9 |
| 14.1 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 9 |
| 14.2 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 10 |
| 14.3 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 11 |
| 14.4 | سود مند انتظامی تجاویز | 12 |
| 14.5 | کارآمد روابط | 13 |
| 15. | کلیدی مفروضے | 13 |


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 1۔اظہارلاتعلقی(Disclaimer)

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی اوراس بارے یں عمومی تصوراور معلومات دیتی ہے۔اگر چہ،اس دستاویز میں شامل مواد مختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/معلومات پر مبنی ہے،مگراس کی بنیاد مخصوص مفروضات پر بھی ہے جو مختلف صورتوں میں مختلف ہوسکتے ہیں۔معلومات کی درستگی یا معتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یا یقین دہانیوں کے بغیرمن وعن پیش کیا گیا ہے۔اگر چہ اس دستاویز کی تدوین میں حد درجہ احتیاط اور توجہ برتی گئی ہے،لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہوسکتے ہیں،اور اصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہوسکتے ہیں۔سمیڈا (SMEDA)، اس کے ملازمین اور ایجنٹ اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یا دیگر نقصان کے ذمہ دارنہیں۔شامل معلومات مزید کسی پروفیشنل مشاورت کو خارج ازامکان نہیں بناتی۔اس دستاویز کے متوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اور ایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لیے ضروری معلومات اکٹھی کریں،بشمول معلومات پر عمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/تکنیکی ماہر کے ساتھ پروفیشنل مشاورت۔

سمیڈا کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر رابطہ کریں:www.smeda.org.pk

## 2۔دستاویز کا مقصد(Purpose of the Document)

ابتدائی امکانات جانچنے کی اس سٹڈی(**Pre Feasibility study**) کا بنیادی مقصد ممکنہ کاروباری افراد کو سرمایہ کاری کے لیے منصوبہ کی شناخت میں معاونت دینا ہے۔منصوبہ کی ابتدائی جانچ سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں کی بنیاد مہیا کرسکتی ہے اور اس مقصد کو پورا کرنے کی خاطر یہ دستاویز/سٹڈی منصوبہ کا بنیادی تصور وضع کرنے،آغاز اور پیداوار،مارکیٹنگ،فنانس اور کاروبار چلانے کے انتظامات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔

اس دستاویز کا مقصد ممکنہ سرمایہ کاروں کو کیٹرنگ اور ڈیکوریٹنگ سروسز میں سرمایہ لگانے کے لیے کاروبار کی عمومی تفہیم مہیا کرنا ہے تا کہ انہیں سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں میں مدد ملے۔

دستاویزی معلومات سے محروم یا بہت کم دستاویزی معلومات والے شعبوں کے لیے ابتدائی جائزہ رپورٹیں تیار کرنے کی ضرورت اس لیے بھی زیادہ نمایاں ہوگئی ہے کیونکہ اس قسم کی رپورٹوں سے پہلے کی ریسرچ مخصوص ٹوٹکے،آزمائش اور خطا کے ذریعے موجودہ کاروباروں کے وضع کردہ بہترین طور طریقے اور مخصوص صنعتی طریقے اشکار کرتی ہیں جو کاروبار قائم کرنے اور کامیاب طریقے سے چلانے کے مختلف پہلوؤں میں راہنما بن گئے۔

پوری دستاویز کا بغور مطالعہ کرنے کے علاوہ آپ کو چاہیے کہ آگے دیے گئے اہم پہلوؤں کا خیال رکھیں جو سرمایہ کاری کے کسی بھی فیصلے کی بنیاد ہیں۔

## 3۔سمیڈا کا تعارف(Introduction to SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) حکومت پاکستان نے 1998ء میں قائم کیا تا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے (SME) کو ترقی دینے کے ذریعے معیشت میں نئی جان ڈالی جاسکے۔

ایس ایم ای(SME) شعبہ کو ترقی دینے کیلئے ذریعے روزگار پیدا کرنے اور قومی آمدنی میں بڑھوتری میں معاونت کے جذبے کے ساتھ،ایس ایم ایز(SMEs) کی تعداد،دائرۂ عمل اور مقابلہ بازی کو فروغ دینے کے لئے ''سمیڈا'' نے مخصوص شعبوں کی ریسرچ 'انجام دی ہے تا کہ پالیسی،سرمایہ تک رسائی،کاروبار کے فروغ کی خدمات،اہم اقدامات اور ادارے کی سطح پر اشتراک عمل اور نیٹ ورکنگ کے اقدامات کو شناخت کی جاسکے۔

سرمایہ کاری کے کلیدی شعبوں میں ابتدائی تحقیقی جائزوں کی تیاری اور تشہیر سمیڈا کی جانب سے ایس ایم ای(SME) معاونت کا نشان امتیاز رہا ہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کے ساتھ ساتھ سمیڈا نے ایس ایم ایز(SMEs) کو وسیع پیمانے پر فروغِ کاروبار کی خدمات بھی پیش کی ہیں۔ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کے ذریعے کاروباری راہنمائی کے علاوہ ماہرین اور کنسلٹنٹس کی نشاندہی اور ضروریات کی بنیاد پر استعداد کار کو بڑھانے کے مختلف النوع پروگرام بھی شامل ہیں۔

## 4۔سکیم کا تعارف(Introduction to Scheme)

**وزیراعظم کی جانب سے نوجوانوں کے لئے قرضہ سکیم کا اجراء** نوجوان کاروباری افراد کے لئے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی ''چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' (PM Youth Bussiness Loan) برائے سال 2013-14ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد مارک اپ پر قرضہ مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

آٹھ سال تک کی معیاد کے لئے اور 10:90 تناسب کا قرضہ (Debt) اور ذاتی سرمایہ (Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیئے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ،خیبر پختونخوا،بلوچستان،گلگت بلتستان،آزاد جموں وکشمیر اور فاٹا کو متناسب نمائندگی دی جائے گی۔

روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت فراہم کررہی ہے۔چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیراعظم کی ہدایت پر پچاس سے زائد شعبوں کی نشاندہی کی ہے ۔

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

تاہم سکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں۔ SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk سے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## 5۔ اجمالی جائزہ (Executive Summary)

کیٹرنگ اینڈ ڈیکوریشن سروسز کاروبار کو ایسے علاقوں میں قائم کرنے کی تجویز دی جاتی ہیں جہاں کراچی، لاہور، راولپنڈی، حیدرآباد، فیصل آباد، ملتان وغیرہ جیسے شہروں میں اوسط آمدنی والے افراد رہتے ہوں۔ خدمات میں شادی، مہندی اور مایوں جیسے موقعوں، کارپوریٹ تقریبات وغیرہ پر فوڈ کیٹرنگ اور سروسز اور ڈیکوریشن شامل ہیں۔ (ڈیکوریشن سروس بیرونی ذرائع سے دی جائے گی)۔

استعداد: زیادہ سے زیادہ 150 تقریبات سالانہ اور ابتدائی طور پر 67 فیصد تک استعمال۔

کل لاگت کا اندازہ 21,00,000 روپے ہے، جس میں 13,70,000 مستقل لاگت اور 7,40,000 روپے گردشی سرمایہ ہے۔

اندرونی شرح منافع (IRR) اور مدت واپسی کی شرح بالترتیب 39 فیصد اور 3 سال ہے۔

منصوبہ کی کامیابی کے اہم پہلو مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ خام مال کی خریداری

☆ حدود اربعہ۔ جہاں زیادہ شادی ہال یا کاروباری زندگی ہو

☆ اچھی غذا حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق اور سروس کا معیار

## 6۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان (Brief Description of Project)

• جائے وقوع: مجوزہ کیٹرنگ اینڈ ڈیکوریٹنگ سروس کاروبار کے لیے تجویز کردہ کراچی، لاہور، راولپنڈی، حیدرآباد، فیصل آباد، ملتان، پشاور اور کوئٹہ جیسے شہروں میں متوسط آمدنی والے علاقے ہیں۔ یہ کاروبار بڑے شہروں کے نواحی علاقوں کے علاوہ تمام چھوٹے شہروں میں بھی کیا جا سکتا ہے۔

• پروڈکٹ: مجوزہ منصوبہ شادی، سالگرہ اور کارپوریٹ تقاریب وغیرہ جیسے موقعوں پر اعلیٰ درجہ کی فوڈ اینڈ کیٹرنگ سروسز پیش کرے گا۔

• متوقع منڈی: کیٹرنگ کے کاروبار کے لیے متوقع گاہکوں، تقاریب کا اہتمام کرنے والی کمپنیاں، کارپوریٹ اور انفرادی کلائنٹ، شادی ہال اور لان وغیرہ شامل ہوں گے۔

• روزگار کے مواقع: مجوزہ منصوبہ 9 افراد کو براہِ راست روزگار مہیا کرے گا۔ مالیاتی جائزے سے پتا چلتا ہے کہ مجوزہ کاروبار عمل درآمد شروع ہونے کے پہلے سال سے ہی منافع بخش ہوگا۔

## 7۔ انتہائی قابل توجہ امور (Critical Factors)

مجوزہ منصوبہ کے مالی لحاظ سے قابل عمل ہونے کا انحصار درج ذیل عوامل پر ہے:

- خام مال کا حصول
- جائے وقوع - شادی ہالوں، کاروباری مراکز کے قریب
- معیاری کھانا۔ حفظان صحت کے اصولوں کی نمایاں عملداری کے ساتھ
- مفصل انتظامات
- پروفیشنل ازم اور خوش اخلاق کسٹمر سروس
- ہنرمند سٹاف / کک
- منصوبہ سازی اور انتظامات
- وقت کا خیال رکھنا
- ڈیکوریشن کے لیے سپلائرز سے معاہدہ

## 8۔ابتدائی وعملی استعداد(Insatalled and operational Capacities)

مجوزہ منصوبہ کے لیے فرض کیا گیا ہے کہ ایک سال میں چار چار سو مہمانوں والی اوسطاً ایک سو تقاریب کی کیٹرنگ کی جائے گی۔ مجوزہ کاروبار فی تقریب 1000 یا زائد مہمانوں کو بھی بھگتا سکتا ہے۔ بڑی تقاریب کے لیے مارکوئی اور دیگر آرائشی انتظامات دیگر مختلف ڈیکوریٹرز کو بھی دیے جا سکتے ہیں۔

جدول نمبر 1: منصوبہ کا معاشی پہلو

| تقاریب | سالانہ تقاریب کی تعداد | فیصد |
|---|---|---|
| شادیاں | 30 | 30 |
| مہندی اور مایوں | 30 | 30 |
| سالگرہ | 10 | 10 |
| کارپوریٹ تقاریب | 07 | 07 |
| دیگر | 23 | 23 |
| کل | 100 | 100 |

## 9۔سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع(Geographical Potential for Investment)

پاکستانی معیشت میں سروسز سیکٹر تیزی سے غالب آ رہا ہے اور گزشتہ کئی عشروں کے دوران فوڈ سروس انڈسٹری میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ عشرے میں تمام بڑے شہروں اور قصبات میں جا بجا شادی ہال، تقاریب کے لیے کمپلیکس تعمیر ہوئے ہیں، لہٰذا کراچی، لاہور، راولپنڈی، حیدرآباد، فیصل آباد، ملتان، پشاور اور کوئٹہ وغیرہ جیسے شہروں میں کیٹرنگ اور ڈیکوریشن سروس کاروبار قائم کرنے کی کافی گنجائش موجود ہے۔

## 10۔متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے(Potential Taget Makets)

مجوزہ کیٹرنگ اینڈ ڈیکوریٹنگ سروس کاروبار کے لیے تجویز کردہ علاقہ کراچی، لاہور، راولپنڈی، حیدرآباد، فیصل اباد، ملتان، پشاور اور کوئٹہ جیسے شہروں میں متوسط آمدنی والے علاقے ہیں۔ یہ کاروبار بڑے شہروں کے نواحی علاقوں کے علاوہ تمام چھوٹے شہروں میں بھی کیا جا سکتا ہے۔ کیٹرنگ کے کاروبار کے لیے متوقع گاہک، تقاریب کا اہتمام کرنے والی کمپنیاں، کارپوریٹ اور انفرادی گاہک، شادی ہال اور لان وغیرہ ہوں گے۔

## 11۔پیداواری گردش عمل(Process Flow)

با قاعدہ تقریب کے لیے مندرجہ ذیل مراحل پر عمل کرنا چاہیے:

- ملازمین رکھنا اور ان کا شیڈول بنانا
- مینو آئٹمز کے لیے آرڈر دینا اور انتظامات کرنا
- سامان کرائے پر دینے والی کمپنیوں کو آرڈر دینا
- اگر ضروری ہو تو سائیٹ کو استعمال کرنے کے لیے لائسنس، اجازت نامے حاصل کرنا
- گاہکوں اور اشیا کے فراہم کنندگان کے ساتھ تمام سروسز کو مربوط بنانا

## 12۔منصوبہ کی کل لاگت کار کا خلاصہ(Project Cost Summary)

چھوٹے کاروبار کے لیے وزیر اعظم کی قرضہ سکیم کے تحت کیٹرنگ اور ڈیکوریشن سروس کاروبار کے تجارتی لحاظ سے قابل عمل ہونے کا جائزہ لینے کے لیے ایک مفصل مالیاتی ماڈل تیار کیا گیا ہے۔ لاگت اور ا? مدنی سے متعلق مختلف امکانات اور جائزے کے نتائج اس سیکشن میں مختصراً دیے جا رہے ہیں۔

اندازے کی بنیاد پر آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)، گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) اور اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) کو ضمیمہ جات میں شامل کیا گیا ہے۔

## 12.1۔معاشی کیفیت(Project Economics)

مالیاتی ماڈل میں تمام اعدادوشمار کا حساب ایک سال میں 100 تقاریب کے لیے لگایا گیا ہے، جبکہ اس قسم کی تقاریب کے لیے ڈیکوریشن سروس بیرونی ذرائع سے کروائی جائے گی تا کہ ابتدائی مرحلے میں کیپٹل اخراجات کو کنٹرول کیا جا سکے۔ ان تقاریب کے ذریعے ہونے والی ا?مدن کا اندازہ 19.2 ملین روپے لگایا گیا ہے۔

نیچے دیا گیا جدول اندرونی شرح منافع (IRR)، موجودہ قدر حال (Net Present Value) اور مدت واپسی (Pay Back) کا عرصہ دکھاتا ہے۔

**جدول نمبر 2: منصوبہ کا معاشی پہلو**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 39 فیصد |
| مدت واپسی (سال) | 3 فیصد |
| موجودہ قدر حال (NPV) روپے | 3,855,365 |

سکیم سے فائدہ اور اس کی منافع بخش حیثیت کا انحصار بہت حد تک ان تقاریب کے باقاعدگی سے اہتمام، مارکیٹنگ کے اچھے طریقوں، سروسز کے معیار اور پیش کیے جانے والے کھانے کے معیار اور ذائقے پر ہے۔

## 12.2۔درکار سرمایہ(Project Financing)

نیچے دیا گیا جدول درکار ذاتی سرمایہ اور بینک کے قرضے سے متعلقہ ویری ایبلز کی تفصیل مہیا کرتا ہے۔

**جدول نمبر 3: منصوبہ کیلئے درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| کل ذاتی سرمایہ (10 فیصد) | 210,400 روپے |
| بینک سے قرضہ (90 فیصد) | 1,893,600 روپے |
| قرض لینے والے کا مارک اپ (سالانہ) | 8 فیصد |
| قرض کی مدت (سال) | 8 |
| رعائتی مدت (سال) | 1 |

## 12.3۔کل لاگت کاروبار(Project Cost)

مجوزہ کاروبار کو چلانے کے لیے درج ذیل ضروری تقاضوں کی شناخت کی گئی ہے:

**جدول نمبر 4: منصوبہ کے لئے سرمایہ کاری**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| تعمیر اور مرمت | 105,000 |
| مشینری اور آلات | 165,000 |
| دفتری آلات اور فرنیچر | 174,000 |
| پیشگی کرایہ | 150,000 |
| گاڑیاں | 675,000 |
| ابتدائی اخراجات | 100,000 |
| کل مستقل لاگت | 1,369,000 |
| ابتدائی گردشی سرمایہ | 735,000 |
| منصوبہ کی کل لاگت | 2,104,000 |

## 12.4۔درکار زمین(Space Requirement)

کیٹرنگ اینڈ ڈیکوریشن سروس کاروبار کے لیے درکار کل رقبہ 750 مربع فٹ ہے۔انتظامی دفاتر کے لیے 150 مربع فٹ درکار ہوگی اور 600 مربع فٹ جگہ سٹوریج اور کھانا پکانے کے لیے استعمال ہوگی۔ یہ بھی فرض کیا گیا ہے کہ باربی کیو آئٹمز کی تیاری ضرورت کے مطابق موقع پر ہی ہوگی۔

**جدول نمبر 5: درکار زمین**

| مندرجات | رقبہ(مربع فٹ | ماہانہ کرایہ(روپے) | سالانہ کرایہ(روپے) |
|---|---|---|---|
| دفتر کی عمارت اور مالخانہ | 750 | 25,000 | 300,000 |
| کل کرایہ | | 25,000 | 300,000 |

## 12.5۔مشینری اور آلات(Machinery and Equipments)

نیچے دیا گیا جدول کیٹرنگ سروسز کے کاروبار کے لیے درکار مشینری اور آلات کی فہرست پیش کرتا ہے:

**جدول نمبر 6: مشینری اور آلات**

| مندرجات | قیمت فی یونٹ | کل(روپے) |
|---|---|---|
| چولھے/فٹنگز/ دیگر | 40,000 | 40,000 |
| دیگیں/کڑاہی/ دیگر | 20,000 | 20,000 |
| سٹوریج کے ریک | 15,000 | 15,000 |
| ڈیپ فریزر | 60,000 | 60,000 |
| کھانا پکانے کی دیگر اشیا | 30,000 | 30,000 |
| کل | | 165,000 |

**جدول نمبر 7: دفتر کے سامان اور فرنیچر کی لاگت**

| مندرجات | تعداد | قیمت(روپے) | رقم(روپے) |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر اور یو پی ایس | 1 | 50,000 | 50,000 |
| پرنٹرز | 1 | 15,000 | 15,000 |
| ٹیبلز | 2 | 8,000 | 16,000 |
| کرسیاں | 6 | 3,000 | 18,000 |
| صوفہ سیٹ | 1 | 20,000 | 20,000 |
| سپلٹ اے سی | 1 | 45,000 | 45,000 |
| دیگر | 1 | 10,000 | 10,000 |
| کل | | | 174,000 |

## 12.6۔درکار افرادی قوت(Human Resource Requirement)

**جدول نمبر 8: درکار افرادی قوت**

| مندرجات | تعداد | ماہانہ تنخواہ | کل ماہانہ تنخواہ |
|---|---|---|---|
| مالک | 1 | 25,000 | 25,000 |
| ہیڈ باورچی | 1 | 20,000 | 20,000 |
| باورچی/کاریگر | 2 | 15,000 | 30,000 |
| ہیلپر | 4 | 10,000 | 40,000 |
| ڈرائیور | 1 | 10,000 | 10,000 |
| کل سٹاف | 9 | | 125,000 |

اوپر دیا گیا جدول بنیادی نوعیت کے کیٹرنگ اور ڈیکوریشن سروس کاروبار کو منظّم رکھنے کے لیے درکار افرادی قوت کی تفصیلات مہیا کرتا ہے۔ملازمین کی تنخواہوں کا اندازہ سالانہ دس فیصد اضافے کے ساتھ لگایا گیا ہے۔

## 12.7۔آمدن۔متوقع آمدن کا جدول(Revenue Generation)

آمدنی کا حساب ایک سال میں چار چار سو مہمانوں والی 100 تقاریب کے لیے لگایا گیا ہے۔معیاری مینیو صرف دو آئٹمز پر مشتمل ہوگا۔

**جدول نمبر 9: متوقع آمدن**

| تقاریب | تعداد | قیمت فروخت (روپے) | آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|
| بینکوئٹ کا انتظام (فی کس) | 400 | 90 | 36,000 |
| شامیانے/قناتیں (فی کس) | 400 | 15 | 6,000 |
| مارکوئی سیٹ اپ (فی کس) | 400 | 90 | 36,000 |
| سٹیج | 1 | 20,000 | 20,000 |
| پانی (فی کس) | 16 | 250 | 4,000 |
| کھانا (معیاری مینیو-فی کس) | 400 | 225 | 90,000 |
| سیلز سے کل آمدنی | | | 192,000 |
| سالانہ سیلز سے کل آمدنی | | | 19,200,000 |

## 12.8۔متفرق لاگتیں(Other Costs)

کاروبار کا ایک لازمی خرچ مزید کلائنٹس کو ترغیب دلانے کی خاطر تشہیر ہے۔اس مد میں اوسط ماہانہ خرچ 20000 روپے تصور کیا گیا ہے۔

**مطلوبہ گردشی سرمایہ: یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ کاروبار کے دوران تقریباً 7,35,000 رروپے کا اضافی ابتدائی گردشی سرمایہ نقد درکار ہوگا،اس قرم کا انحصار کرایہ،مصرفات اور تنخواہوں کے اخراجات پر منحصر ہے۔**

جدول نمبر 10: مطلوبہ گردشی سرمایہ

| مندرجات | ماہ | ماہانہ خرچہ (روپے) |
|---|---|---|
| مصرفات | 4 | 285,000 |
| تنخواہ | 4 | 375,000 |
| کرایہ | 4 | 75,000 |
| کل | | 735,000 |

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 13۔ماہرین ومشیران(Contancts-Suppliers)

| | |
|---|---|
| کچن این ریسٹورنٹ سسٹمز<br>102-1،علامہ اقبال روڈ،بٹ لین،گڑھی شاہو،لاہور،پنجاب،پاکستان<br>فون:92-42-36366590/36305989<br>فیکس:92-42-36305989 | کچن کیئر<br>103 گولڈن پلازہ F-7،بلوایریا،اسلام آباد،پاکستان<br>فون:92-51-32875226<br>فیکس:92-51-32277176 |
| پریسٹیج کچنز<br>کہکشاں شاپنگ آرکیڈ بلاک۔7،کلفٹن،کراچی،سندھ،پاکستان<br>فون:92-21-35862978/35862839<br>فیکس:92-21-35871814 | کچن ایکوپمینٹس<br>سعید قیصر امام<br>554بفرزون،کراچی،<br>موبائل:0333-3045358 |

# 14۔ضمیمہ جات(Annexures)

## 14.1۔آمدن کا گوشوارہ(Income Statement)

**CATERING & DECORATING SERVICES**

| Projected Income Statement (Rs.) | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Revenue** | **19,200,000** | **21,120,000** | **23,232,000** | **25,555,200** | **28,110,720** | **30,921,792** | **34,013,971** | **37,415,368** | **41,156,905** | **45,272,596** |
| **Net Sales** | **19,200,000** | **21,120,000** | **23,232,000** | **25,555,200** | **28,110,720** | **30,921,792** | **34,013,971** | **37,415,368** | **41,156,905** | **45,272,596** |
| Variable Cost (Food +Décor Rent) | 15,300,000 | 16,830,000 | 18,513,000 | 20,364,300 | 22,400,730 | 24,640,803 | 27,104,883 | 29,815,372 | 32,796,909 | 36,076,600 |
| Staff Salaries | 1,500,000 | 1,650,000 | 1,815,000 | 1,996,500 | 2,196,150 | 2,415,765 | 2,657,342 | 2,923,076 | 3,215,383 | 3,536,922 |
| Utilities | 1,140,000 | 1,254,000 | 1,379,400 | 1,517,340 | 1,669,074 | 1,835,981 | 2,019,580 | 2,221,537 | 2,443,691 | 2,688,060 |
| **Cost of Sales** | **17,940,000** | **19,734,000** | **21,707,400** | **23,878,140** | **26,265,954** | **28,892,549** | **31,781,804** | **34,959,985** | **38,455,983** | **42,301,582** |
| **Gross Profit** | **1,260,000** | **1,386,000** | **1,524,600** | **1,677,060** | **1,844,766** | **2,029,243** | **2,232,167** | **2,455,384** | **2,700,922** | **2,971,014** |
| **General Administrative & Selling Expenses** | | | | | | | | | | |
| Salaries | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| Rent Expense | 300,000 | 330,000 | 363,000 | 399,300 | 439,230 | 483,153 | 531,468 | 584,615 | 643,077 | 707,384 |
| Promotional Expense | 240,000 | 264,000 | 290,400 | 319,440 | 351,384 | 386,522 | 425,175 | 467,692 | 514,461 | 565,907 |
| Amortization Expenses | 20,000 | 20,000 | 20,000 | 20,000 | 20,000 | | | | | |
| Depreciation Expense | 95,400 | 85,860 | 77,274 | 69,547 | 62,592 | 56,333 | 50,699 | 45,630 | 41,067 | 36,960 |
| ***Subtotal*** | ***655,400*** | ***699,860*** | ***750,674*** | ***808,287*** | ***873,206*** | ***926,008*** | ***1,007,342*** | ***1,097,937*** | ***1,198,605*** | ***1,310,252*** |
| **Operating Income** | **604,600** | **686,140** | **773,926** | **868,773** | **971,560** | **1,103,234** | **1,224,824** | **1,357,447** | **1,502,317** | **1,660,762** |
| Financial Charges (8% Per Annum) | 151,488 | 143,889 | 126,436 | 107,534 | 87,063 | 64,894 | 40,884 | 14,882 | | |
| **Earnings Before Taxes** | **453,112** | **542,251** | **647,490** | **761,240** | **884,497** | **1,038,341** | **1,183,940** | **1,342,565** | **1,502,317** | **1,660,762** |
| Tax | 45,311 | 54,225 | 64,749 | 36,686 | 55,175 | 78,251 | 100,091 | 123,885 | 147,963 | 179,652 |
| **Net Profit** | **407,801** | **488,026** | **582,741** | **724,554** | **829,322** | **960,090** | **1,083,849** | **1,218,680** | **1,354,354** | **1,481,110** |
| **Monthly Profit After Tax** | **33,983** | **40,669** | **48,562** | **60,379** | **69,110** | **80,007** | **90,321** | **101,557** | **112,863** | **123,426** |

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 14.2۔اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ(Balance Sheet)

CATERING & DECORATING SERVICES

| Projected Balance Sheet (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| ***Current Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank Balance | 900,000 | 1,423,201 | 1,806,807 | 2,259,089 | 2,826,555 | 3,471,364 | 4,198,511 | 5,019,775 | 5,944,798 | 7,340,218 | 8,858,288 |
| Account Receivable | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| Prepaid Rent | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 |
| **Total Current Assets** | 1,050,000 | 1,573,201 | 1,956,807 | 2,409,089 | 2,976,555 | 3,621,364 | 4,348,511 | 5,169,775 | 6,094,798 | 7,490,218 | 9,008,288 |
| ***Fixed Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Catering & Decorating Equipment | | | | | | | | | | | |
| Construction & Renovation | 105,000 | 94,500 | 85,050 | 76,545 | 68,891 | 62,001 | 55,801 | 50,221 | 45,199 | 40,679 | 36,611 |
| Shehzore Vehicle | 675,000 | 607,500 | 546,750 | 492,075 | 442,868 | 398,581 | 358,723 | 322,850 | 290,565 | 261,509 | 235,358 |
| Office Fixtures | 174,000 | 156,600 | 140,940 | 126,846 | 114,161 | 102,745 | 92,471 | 83,224 | 74,901 | 67,411 | 60,670 |
| **Total Fixed Assets** | 954,000 | 858,600 | 772,740 | 695,466 | 625,919 | 563,327 | 506,995 | 456,295 | 410,666 | 369,599 | 332,639 |
| **Preliminary Expenses** | 100,000 | 80,000 | 60,000 | 40,000 | 20,000 | - | - | - | - | - | - |
| **Total Assets** | 2,104,000 | 2,511,801 | 2,789,547 | 3,144,555 | 3,622,474 | 4,184,691 | 4,855,506 | 5,626,070 | 6,505,464 | 7,859,818 | 9,340,928 |
| **Owner's Equity** | 210,400 | 618,201 | 1,106,227 | 1,688,968 | 2,413,522 | 3,242,844 | 4,202,934 | 5,286,783 | 6,505,464 | 7,859,818 | 9,340,928 |
| **Long Term Liability** | 1,893,600 | 1,893,600 | 1,683,320 | 1,455,587 | 1,208,952 | 941,847 | 652,572 | 339,287 | 0 | 0 | 0 |
| **Total Equity & Liabilities** | 2,104,000 | 2,511,801 | 2,789,547 | 3,144,555 | 3,622,474 | 4,184,691 | 4,855,506 | 5,626,070 | 6,505,464 | 7,859,818 | 9,340,928 |

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 14.3۔گردش نقد کا گوشوارہ(Cash Flow)

CATERING & DECORATING SERVICES

| Projected Statement of Cash Flows (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Cash Flow From Operating Activities** | | | | | | | | | | | |
| Net Profit | 0 | 407,801 | 488,026 | 582,741 | 724,554 | 829,322 | 960,090 | 1,083,849 | 1,218,680 | 1,354,354 | 1,481,110 |
| Add: Depreciation Expense | 0 | 95,400 | 85,860 | 77,274 | 69,547 | 62,592 | 56,333 | 50,699 | 45,630 | 41,067 | 36,960 |
| Amortization Expense | 0 | 20,000 | 20,000 | 20,000 | 20,000 | 20,000 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| (Increase) / Decrease in Receivables | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| **Net Cash Flow From Operations** | **0** | **523,201** | **593,886** | **680,015** | **814,100** | **911,914** | **1,016,422** | **1,134,549** | **1,264,310** | **1,395,420** | **1,518,070** |
| **Cash Flow From Financing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Receipt of Long Term Debt | 1,893,600 | | | | | | | | | | |
| Repayment of Long Term Debt | | 0 | -210,280 | -227,733 | -246,635 | -267,105 | -289,275 | -313,285 | -339,287 | 0 | 0 |
| Owner's Equity | 210,400 | | | | | | | | | | |
| **Net Cash Flow From Financing Activities** | **2,104,000** | **0** | **-210,280** | **-227,733** | **-246,635** | **-267,105** | **-289,275** | **-313,285** | **-339,287** | **0** | **0** |
| **Cash Flow From Investing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Construction Cost | -105,000 | | | | | | | | | | |
| Office Furniture and Fixtures | -174,000 | | | | | | | | | | |
| Advance Rent | -150,000 | | | | | | | | | | |
| Preliminary Expenses | -100,000 | | | | | | | | | | |
| Office Vehicles | -675,000 | | | | | | | | | | |
| Culinary & Cutlery | | | | | | | | | | | |
| **Net Cash Flow From Investing Activities** | **-1,204,000** | **0** | **0** | **0** | **0** | **0** | **0** | **0** | **0** | **0** | **0** |
| **NET CASH FLOW** | **900,000** | **523,201** | **383,606** | **452,282** | **567,465** | **644,809** | **727,147** | **821,264** | **925,023** | **1,395,420** | **1,518,070** |
| **Cash at the Beginning of the Period** | **0** | **900,000** | **1,423,201** | **1,806,807** | **2,259,089** | **2,826,555** | **3,471,364** | **4,198,511** | **5,019,775** | **5,944,798** | **7,340,218** |
| **Cash at the End of the Period** | **900,000** | **1,423,201** | **1,806,807** | **2,259,089** | **2,826,555** | **3,471,364** | **4,198,511** | **5,019,775** | **5,944,798** | **7,340,218** | **8,858,288** |

## 14.4۔سودمند انتظامی تجاویز (Useful Project Management Tips)

**ٹیکنالوجی**

• سامان کی فہرست

چولھے/فٹنگز/دیگر

دیگیں/کڑاہی/دیگر

سٹوریج کے ریک

ڈیپ فریزر

کھانا پکانے کی دیگر اشیا

• **توانائی کی ضروریات:** اندازہ حقیقت پسندانہ ہو اور اہم عوامل کے لیے کسی بھی ناگہانی صورت حال کیلئے توانائی کے متبادل ذریعے کا بندوبست پیشگی کیا جائے۔

• **مشینری کے سپلائر:** استعمال کی تربیت اور معاہدے کے تحت بعد از فروخت سروس کا کہا جائے۔

• **آلات معیاری ہونے کی یقین دہانی:** پروڈکٹ کے مطلوبہ معیار کا تعین پیکیجنگ پر کیا گیا ہو اور ان کی جانچ کا ایک نظام وضع کیا جائے۔

**مارکیٹنگ**

• **پروڈکٹ کی تیاری اور پیکیجنگ:** پروڈکٹ/سروس اور پیکیجنگ ڈیزائن کے لیے ماہرانہ خدمات لینی چاہئیں۔

• **اشتہارات اور فروغ:** کاروبار کے فروغ اور تشہیر کے لیے بینر لگانا اور تقریبات کا اہتمام کرنا نہایت موزوں ہے۔ پروڈکٹ کے متعلق بروشر بھی بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔

• **سیلز اور تقسیم کاری کا نظام:** ماہرین کی مشاورت اور تقسیم کاری کے معاہدے ضروری ہیں۔

• **قیمت۔ زیادہ خریداری پر ڈسکاؤنٹ، تعارفی ڈسکاؤنٹ:** قیمت مقرر کرتے وقت معیار پر سمجھوتہ ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ قیمت مقرر کرنے سے پہلے پروڈکٹ کی لاگت کا باقاعدہ حساب رکھنا چاہیے۔ تعارفی مرحلے کے دوران قیمت کم رکھ کر پروڈکٹ کو زیادہ بہتر طریقے سے متعارف کروایا جا سکتا ہے۔ سرکاری نرخ نامے آویزاں کریں۔

انسانی وسائل

مالک

ہیڈ کک

کک/کاریگر

ہیلپر

ڈرائیور

• **صلاحیتیں اور مہارتیں:** ہنرمند اور تجربہ کار سٹاف کو ایک سرمایہ کاری تصور کرنا چاہیے، حتیٰ کہ انہیں کاروباری منافع میں حصہ بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔

• **کارکردگی کی بنیاد پر معاوضہ:** انسانی وسائل کے اخراجات کو منظم رکھنے کی کوشش کا محور کارکردگی جانچنا اور اسی کے مطابق معاوضہ دینے پر ہونا چاہیے۔

• **تربیت اور ہنر کی ترقی:** ماہرین اور نئے طریقوں سے واقفیت کے ذریعے اپنی اور ملازمین کی تربیت اور ہنر کو ترقی دینا کامیابی کے راستے پر ا? گے بڑھنا ہے۔ تربیت اور ہنر کی ترقی (T&SD) کے لیے کم سے کم لاگت والے طریقوں کو معاوضے اور انعامات سے منسلک کرنا چاہیے۔

## 14.5۔کارآمدروابط(Useful Links)

| | |
|---|---|
| Prime Minister's Office | www.pmo.gov.pk |
| Small & Medium Enterprises Development Authority (SMEDA) | www.smeda.org.pk |
| National Bank of Pakistan (NBP) | www.nbp.com.pk |
| First Women Bank Limited (FWBL) | www.fwbl.com.pk |
| Government of Pakistan | www.pakistan.gov.pk |
| Ministry of Industries & Production | www.moip.gov.pk |
| Ministry of Education, Training & Standards in Higher Education | http://moptt.gov.pk |
| Government of Punjab | www.punjab.gov.pk |
| Government of Sindh | www.sindh.gov.pk |
| Government of Khyber Pakhtoonkhwa | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |
| Government of Balochistan | www.balochistan.gov.pk |
| Government of Gilgit Baltistan | www.gilgitbaltistan.gov.pk |
| Government of Azad Jamu Kashmir | www.ajk.gov.pk |
| Trade Development Authority of Pakistan (TDAP) | www.tdap.gov.pk |
| Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) | www.secp.gov.pk |
| Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) | www.fpcci.com.pk |
| State Bank of Pakistan (SBP) | www.sbp.org.pk |

## 15۔کلیدی مفروضے(Key Assumptions)

| | مندرجات |
|---|---|
| 10:90 | قرضہ وذاتی سرمایہ کا تناسب |
| 8فیصد | شرح سود |
| 8سال | قرض کی مدت |
| 10فیصد | قیمت فروخت،افزائش کی شرح |
| 10فیصد | فرسودگی کی شرح |
| 9.2فیصد | سرمائے کی اوسط لاگت |
| 6ماہ | اداشدہ کرائے کی مدت |
| 10فیصد | سٹاف کی تنخواہوں میں اضافہ |
| 10فیصد | دفتری اخراجات میں اضافہ |

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں